© rasailojaraid.com

سائز، دیدہ زیب ٹائٹل، مضبوط اور خوبصورت جلد سفید کاغذ، عمدہ کمپیوٹرائزڈ کتابت وطباعت اور قیمت معقول۔

کتاب: تاج اعظم اردو ترجمہ مع حواشی ضروریہ حقیقۃ الاسلام فارسی تالیف: قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ، مترجم قاری قیام الدین الحسینی ناشر: قاری عبدالرحمان رحیمی۔ صفحات: ۱۲۸
قیمت: درج نہیں ملنے کا پتہ: جامعہ نعمت الرحیم حسین آگاہی۔ ملتان

زیر تبصرہ کتاب بیہقی وقت علم الہدیٰ حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ کی تصنیف حقیقۃ الاسلام (فارسی) کا اردو ترجمہ ہے۔ آپ کو حدیث وفقہ میں مکمل مہارت حاصل تھی، اور علم وتصوف میں رجع خلائق تھے۔ شاہ عبدالعزیزؒ نے آپ کو بیہقی وقت اور علم الہدیٰ کا خطاب دیا تھا۔ نہ صرف علمی لحاظ سے آپ کے خاندان کو فوقیت حاصل تھی بلکہ نسبی اعتبار سے بھی آپ عثمانی اور فاروقی نسبت کی نجابت سے سرفراز تھے۔ آپ نے مختلف علوم میں چھوٹی بڑی چالیس سے زائد کتابیں تصنیف کیں۔ ان میں شہرہ آفاق آپ کی تفسیر کلام مجید جو کہ تفسیر مظہری کے نام سے مشہور ہے، انتہائی مقبول ہے اور علمی دنیا سے خراج و داد تحسین پا چکی ہے۔ ان تصانیف میں حقوق سے متعلق ایک مختصر رسالہ حقیقت الاسلام ہے بقول پروفیسر خواجہ ابوالکلام صدیقی رسالہ حقیقت الاسلام کو حقوق کی بطور موضوع تخصیص قرآن وحدیث سے ماخوذ مواد حسن ترتیب اور استدلالی انداز بیان کے لحاظ سے ایک مستقل اور منفرد حیثیت حاصل ہے۔

یہ رسالہ پہلی بار مولف کی وفات کے تقریباً نصف سے پون صدی بعد مطبع امید لاہور سے شائع ہوا۔ جس میں پروف ریڈنگ نہ ہونے کی وجہ سے اعراب حروف الفاظ اور اسماء میں تغیر وتبدل وحذف عبارت کی متعدد غلطیاں نہ صرف رہ گئی ہیں بلکہ مزید اغلاط پیدا ہوگئیں۔ پھر اسی متن کا عکس لے کر اسی طرح دوبارہ لاہور ہی سے ۱۹۷۶ میں شائع کیا گیا۔

مختلف ادوار میں اردو زبان میں اس رسالہ کے مختلف تراجم شائع ہوئے۔ بقول خواجہ ابوالکلام صدیقی تاج اعظم اس رسالہ کا جدید اردو ترجمہ ہے۔ مترجم نے اپنی علمی وتحقیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس کے فارسی متن کی اعرابی حرفی اور لفظی غلطیاں درست کی ہیں۔ احادیث کے کتابی حوالے تحریر کئے ہیں۔ راویوں کے نام صحیح کئے ہیں۔ عربی عبارات کو حرکات وسکنات سے اس طرح مزین کیا ہے کہ عربی زبان سے نابلد مگر قرآن پاک صحیح پڑھنے والا اسے آسانی سے پڑھ سکتا ہے۔ غرضیکہ ترجمہ نہ صرف بحیثیت مجموعی شگفتہ رواں اور عام فہم ہے بلکہ فاضل مترجم نے مولف کا اسلوب ترغیب بھی مجروح کئے بغیر بھی برقرار رکھا ہے اور بقول مولانا محمد ازہر صاحب مدیر ماہنامہ ''الخیر'' ملتان حضرت قاضی صاحب کی تالیف حقیقۃ الاسلام بلاشبہ اس پایہ کی کتاب ہے کہ اسے اصلاح قلب کے لئے مطالعہ کی جانے والی کتب میں سرفہرست رکھا جائے۔ فارسی زبان کی وجہ سے تمام قارئین اس سے کما حقہ استفادہ نہ کرسکتے تھے۔ حق تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔ حضرت مولانا قاری قیام الدین الحسینی دامت برکاتہم کو جنہوں نے اس کا سلیس رواں شگفتہ اور پرمغز اردو ترجمہ کرکے اسے مفید عام بنادیا۔

© rasailojaraid.com